
# خوداعتمادی اور کامیابی ایک ہی سکے کے دو رخ

تحریر۔۔۔۔
تحریم قاضی

**کہتے ہیں زندگی انسان کے حوصلے کا امتحان ہے۔ اور جو بھی شخص باہمت اور حوصلہ مند ہوگا وہی کامیابی کی منزلیں طے کر سکے گا اور زندگی کے زینوں پر قدم رکھنے کے لئے اعتماد کی ضرورت ہے۔اعتماد اور لگن ہی کسی انسان کو کامیابی کے مدارج طے کرنے میں معاونت فراہم کر تے ہیں۔**




بعض افراد پڑھائی لکھائی میں اچھا ہونے کے باوجود بھی شخصی اعتبار سے پر اعتماد نہیں ہو پاتے جس کا نقصان انھیں پیشہ ورزندگی میں ہوتا ہے۔اس بات کو سمجھنے کی ضرورت ہے کہ زندگی کا کوئی بھی شعبہ ہو اس میں اگر آپ کے اندر اعتماد نہیں تو آپ کامیاب نہیں ہو سکتے کیونکہ خود اعتمادی وہ ہتھیار ہے جو زندگی کے میدان جنگ میں آپ کو فتحیاب کرا وسکتا ہے۔اکثر اوقات لوگ اس بات سے نا آشنا ہوتے ہیں کہ ان کی ناکامیوں کی وجہ ان کی شخصی کمزوریاں اور خود اعتمادی کی کمی ہوتی ہے۔آج ہم کچھ ایسے نکات پر بات کریں گے جو کامیابی کے لئے معاون ثابت ہو سکتے ہیں اور آپ کی شخصیت کو بہتر کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔

## دوسروں کی پروا کرنا چھوڑیں

ہم میں سے بیشتر افراد کو یہ عادت ہوتی ہے کہ وہ خود کو دوسروں کی نظر سے دیکھنے کے عادی ہوتے ہیں۔ گویا لوگوں کی نظر آئینہ ہو، حالانکہ حقیقی آئینہ انسان کا دل ہوتا ہے جو اسے اس کی اصل صورت دکھاتا ہے۔ایک اور عادت جو کہ دوسروں کے بارے میں رائے دینے کی اور ان کے متعلق اندازے لگانے کی ہے یہ اپنی شخصیت کو مجروح کرنے کے مترادف ہے۔ کیونکہ اسکا مطلب یہ ہوتا ہے کہ آپ کے اپنے اندر کمی ہے جسے دوسروں میں تلاش کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ بجائے اس کے کہ دوسروں پر تنقید کی جائے انہیں ان کی خوبیوں کے لئے سراہنا چاہیئے اور ان کو حوصلہ دینا چاہیئے ۔ ہوسکتا ہے دوسرے شخص میں خود اعتمادی کی کمی ہو اور وہ آپ کے سراہنے سے دور ہو جائے۔

اللہ نے ہر انسان کو مختلف خوبیوں سے نوازا ہے اور یہی تنوع کائنات کا حسن بڑھاتا ہے۔ایسا نہیں ہے کہ آپ کے اندر کوئی صلاحیت ہی نہ ہو۔ ہر شخص کو کوئی نہ کوئی خاص صلاحیت ملی ہوتی ہے ضرورت صرف اسے پہچاننے کی ہے۔اکثر لوگ یہ پہچاننے میں مشکل کا شکار ہوتے ہیں اور کئی تو عمر گنوا دیتے ہیں لیکن کامیاب لوگ اپنی خوبیوں کو نا صرف پہچانتے ہیں بلکہ وقت کے ساتھ ساتھ ان میں نکھار بھی لاتے ہیں۔

## ناں کہنا سیکھیں

ہمیں ناں کہنے کی عادت نہیں ہوتی۔ ضروری نہیں کہ ہر کسی کی ہاں میں ہاں ملائی جائے جو چیز آپ کو متاثر کرے اور آپ اس کے حوالے سے خدشات کا شکار ہوں تو اس پر نہ کہنا غلط نہیں ہوگا۔جیسے اکثر لوگوں کو دوستوں کا ناں کہنے کی عادت نہیں ہوتی اور وہ اپنی فیملی کا وقت بھی دوستوں پر صرف کر دیتے ہیں۔

اگر گھر والوں کے ساتھ کوئی پروگرام رکھا ہے تو دوستوں کو ناں کہنے میں کوئی حرج نہیں۔اس حوالے سے شرمندہ ہونا اور خود کو موردو الزام ٹھہرانا شخصی اعتماد کے لئے نقصان دہ ثابت ہوتا ہے۔اور کوئی ایسی پیشکش جس پر آپ آمادہ نہ ہوں تو اس کو خوش اسلوبی سے درگزر کرنا سیکھیں جیسے،" میں اس حوالے سے سوچوں گا یا گی۔ آپ کو بعد ازاں آگاہ کروں گا / گی۔" اس طرح بعد میں بھی آپ منع کرنے پر کسی کو برا نہیں لگے گا۔

## اپنے لئے آواز اٹھائیں

بااعتماد لوگ اپنی رائے دینے میں کسی قسم کی بھی گھبراہٹ کا شکار نہیں ہوتے۔اپنی رائے سے سامنے والے کو آگاہ کرنے میں کوئی مضائقہ بھی نہیں۔ یہ بات سمجھنے کی ضرورت ہے کہ ہر انسان مختلف سوچ اور خیالات کا حامل ہوتا ہے اور کسی بھی چیز یا شخص کے حوالے سے اس کا نقطہ نظر متفرق ہوسکتا ہے۔اور انسان خطا کا پتلا ہے تو وہ غلطی بھی کر سکتا ہے۔ بااعتماد افراد اس بات سے خوف زدہ نہیں ہوتے کہ انھیں اپنی رائے دینے پر نظر انداز کر دیا جائے گا۔اپنی بات اعتماد سے کہنا اور اپنے حق کے لئے آواز اٹھانا ناگزیر ہے۔

## اچھے سامع بنیں

آپ نے ایک ضرب المثل سن رکھا ہوگا" پہلے تولو، پھر بولو"۔اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ پہلے بات کو سمجھا جائے اور پھر بولا جائے۔ جو لوگ بھی جلد بازی کا مظاہرہ کرتے ہیں انھیں شرمندگی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ یہ تو سن رکھا ہوگا کہ جلدی کا کام شیطان کا، سو جو کام صبر و تحمل سے کیا جا سکتا ہے اس کے نتائج بھی اتنے ہی شاندار ہوتے ہیں۔ اور ایک اچھا سامع ہی اچھی گفتگو کر سکتا ہے۔انسان کے الفاظ ہی وہ ہتھیار ہیں جو کسی کے دل کو فتح یا مسمار کر دیتے ہیں۔

اگر الفاظ کا چناؤ سوچ سمجھ کر کیا جائے تو انسان اپنے اوپر آنے والی بہت سے مصیبتوں اور پریشانیوں سے بچ سکتا ہے۔ جب آپ کسی کو تحمل سے سنتے ہیں اور سمجھنے کی غرض سے سنتے ہیں تو اس سے آپ کے علم و مشاہدے بلکہ خود اعتمادی میں اضافہ ہوتا ہے۔ ایسے لوگ جو تخلیقی سرگرمیوں میں مشغول ہوتے ہیں ان کو سننا باعث نفع ہے۔

## اپنے مقصد پر دھیان دیں

زندگی قدرت کا ایک قیمتی تحفہ ہے۔ اسے بامقصد گزارنے والے ہی کامیاب ہوتے ہیں۔ تاریخ ایسے لوگوں کو سنہری الفاظ میں یاد رکھتی ہے جو کسی مقصد کے تحت زندگی گزار کر گئے ہوں۔ کہتے ہیں کہ کچھ لوگ زندگی گزارنے کے لئے مقصد ڈھونڈتے ہیں اور کچھ مقصد کے لئے زندگی گزارتے ہیں تو دونوں میں سے بہترین وہ ہیں جن کے پاس جینے کے لئے کوئی مقصد ہو۔خود اعتماد لوگوں کے مقاصد ان کی رائے اور مضبوط عقائد کو تقویت دیتے ہیں۔

اگر آپ پر اعتماد، مستقل مزاج اور پر امید ہیں تو لوگ آپ کو فالو کریں گے۔اگر آپ کو لگتا ہے کہ کوئی ایسی تبدیلی جس کا آپ کو یا آپ سے وابستہ لوگوں کو فائدہ ملے گا تو اس کے لئے آواز اٹھانا ضروری ہے۔ دنیا ایسے عظیم لوگوں کی داستانوں سے بھری پڑی ہے جو دوسروں کے لئے کچھ کر کے گئے۔ عبدالستار ایدھی، نیلسن منڈیلا، ڈاکٹر روتھ فاؤ اور ایسے بے شمار افراد کے کارنامے اور خدمات آج بھی انہیں لوگوں کے دلوں میں زندہ رکھے ہوئے ہیں۔

## اپنی غلطی تسلیم کریں

پر اعتماد لوگ کبھی بھی اپنی غلطی تسلیم کرنے سے کتراتے نہیں ہیں۔ وہ غلطی کرنے کو اپنی تضحیک کے بجائے سیکھنے کا ایک موقع سمجھتے ہیں۔ اگر وہ کبھی غلطی پر ہوں تو وہ خود اس کی ذمہ داری قبول کرتے ہیں اور مستقبل میں خود کو بہتر کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ جو لوگ خود کو عقل کل سمجھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ وہ کبھی غلطی کر ہی نہیں سکتے وہ نہ تو کبھی سیکھ پاتے ہیں اور نہ ہی شاہراہ کامیابی پر گامزن ہو سکتے ہیں۔

## پریکٹس کریں

ذہنی صحت کے لئے جسمانی تندرستی بھی ضروری ہے۔ اگر جسم ہی تھکا ہوگا تو ذہن کیسے بہتر کارکردگی دیکھا سکے گا۔جسمانی صحت کے لئے خوراک کا بہتر ہونا اور ورزش کرنا ضروری ہے۔

جیسے کامیاب لوگ مزید کامیابیوں کے لئے گول سیٹ کرتے ہیں ویسے ہی اپنی صحت کے لئے بھی اہداف طے کرتے ہیں۔ کیونکہ صحت جسمانی انسان کو پر اعتماد بنانے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ ایک بے ڈول جسم کے برعکس ایک مناسب جسامت کا حامل فرد یقیناً مرکز نگاہ ہوگا اور اگر اس میں گفتگو کا ہنر اور الفاظ کا بہترین چناؤ کرنے کی صلاحیت موجود ہو، تو کبھی نا مراد نہیں رہے گا۔ کچھ لوگوں کو بولنے میں اعتماد کی کمی محسوس ہوتی ہے تو اس کے لئے بھی وہ کچھ پریکٹس کر سکتے ہیں جیسے آئینے کے سامنے کھڑے ہو کر بولنا اس سے لوگوں کے سامنے گفتگو کرنے میں آسانی رہے گی اور اعتماد بھی کم نہ پڑے گا۔

## شکر گزار بنیں

سب سے اہم چیز ہے شکر گزاری۔ ہمیں قدرت نے جو کچھ بھی دیا ہے اس کے لئے شکر گزار ہونا ضروری ہے۔ نہ صرف زبان سے بلکہ اپنے رویے سے بھی یہ ظاہر کرنا کہ آپ جو کچھ ہیں اور جس مقام پر ہیں اس کے لئے آپ کی محنت تو اپنی جگہ ہے ہی لیکن سب سے بڑھ کر یہ اللہ کا خاص کرم ہے۔ اگر آپ کو خدا نے مکمل بنایا ہے اور اپنی خاص نوازش کی ہے تو اس میں آپ کا کوئی کمال نہیں۔ ایسے بھی لوگ ہیں جو کہ محرومیوں اور بیماریوں کے ساتھ پیدا ہوتے ہیں اور ساری عمر آزمائشوں میں گزار کر چلے جاتے ہیں۔ ایسے میں اگر آپ تندرست اور بے عیب ہیں تو اس کے لئے رب کے حضور شکر گزار رہیں اور انسانوں کے ساتھ بھی مہربانی اور صلہ رحمی کا رویہ رکھیں۔

**اگر کوئی آپ کے کسی کام آتا ھے تو اس کے احسان کو احسن طریقے سے لوٹائیں۔ اللہ قرآن مجید میں فرماتا ھے "اور احسان کا بدلہ احسان سے بڑھ کر کیا ھوسکتا ھے"۔ (سورۃ الرحمان) عاجزی اور انکساری کے ساتھ حسن سلوک اور خوش خلقی وہ اوصاف ھیں جو انسان کو کامیابی سے ھمکنار کرتے ھیں۔**

# فیس بک پر ایمازون کے جنگلات کی زمین کی
# غیر قانونی خرید و فروخت کا انکشاف



جوئے فیلٹ اور شارلٹ میمنٹ
(بی بی سی)

بی بی سی کو معلوم ہوا ہے کہ برازیل میں ایمازون کے جنگلات کے کچھ حصوں کو فیس بک پر غیر قانونی طور پر فروخت کیا جا رہا ہے۔ برازیل میں جن علاقوں کو تحفظ حاصل ہے ان میں اس کے قومی جنگلات اور وہ زمین شامل ہے جسے یہاں کے قدیمی باشندوں کے لیے مختص کیا گیا ہے۔ فیس بک پر شائع ہونے والے اشتہاروں میں زمین کے جن ٹکڑوں یا پلاٹوں کو برائے فروخت بتایا جا رہا ہے ان میں سے کچھ پلاٹ فٹبال کے ایک ہزار میدانوں سے بھی بڑے ہیں۔ اس حوالے سے فیس بک کا کہنا ہے کہ وہ 'مقامی حکام کے ساتھ مل کر کام کرنے کو تیار ہے' لیکن فیس بک خود سے اس کاروبار کو روکنے کے لیے کوئی قدم نہیں اٹھائے گا۔ امریکی ریاست کیلیفورنیا میں قائم ٹیکنالوجی کی دنیا کی اس بڑی کمپنی کے مطابق 'ہماری کاروباری سائٹ (کسی چیز کے) خریداروں اور فروخت کنندگان سے تقاضہ کرتی ہے کہ وہ قوانین اور ضوابط پر عمل کریں۔'

ایمازون کے جن جنگلات کو دنیا کے پھیپھڑے کہا جاتا ہے، انہیں تباہ کیا جا رہا ہے۔ تاہم ایمازون کی قدیمی آبادیوں میں سے ایک برادری کے نمائندے نے فیس بک سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اس حوالے سے مزید اقدامات کرے۔ دوسری جانب اشتہاری کمپنیوں کا دعویٰ ہے کہ برازیل کی حکومت فیس بک پر پلاٹوں کے خرید و فروخت کو روکنے پر رضامند نہیں ہے۔ قدرتی ماحول کے بچاؤ کے لیے کام کرنے والی غیر سرکاری تنظیم، کنڈے کی سربراہ ایوانیڈے بنڈیرہ کا کہنا ہے کہ ان زمینوں پر قبضہ کرنے والے لوگ خود کو اتنا طاقتور سمجھتے ہیں کہ وہ فیس بک پر زمین کے غیر قانونی سودے کرتے ہوئے بھی شرمندہ نہیں ہو رہے ہیں۔'

کوئی سرٹیفکیٹ نہیں

فیس بک پر ان پلاٹوں کی غیر قانونی خرید و فرخت کے بارے میں جاننا اتنا آسان ہے کہ کوئی بھی شخص فیس بک کی مارکیٹ پلیس پر جا کر اگر پرتگالی زبان میں 'جنگل' 'قدیم مقامی جنگل' یا 'عمارتی لکڑی' کے الفاظ ٹائپ کرے اور ایمازون کی جنگلات میں کسی جگہ کا انتخاب کرے، تو وہ مذکورہ پلاٹ تلاش کر سکتا ہے۔ مارکیٹ پلیس پر موجود کچھ اشتہاروں میں پلاٹوں کی سیارے سے لی گئی تصاویر اور جی پی ایس پر ان پلاٹوں کا محل وقوع بھی دیا ہوا ہے۔ یہ پلاٹ فروخت کرنے والے اکثر لوگ سرعام تسلیم کرتے ہیں کہ ان کے پاس اس زمین کا کوئی ٹائٹل یا دستاویز نہیں ہے اور وہ اس زمین کی ملکیت کی جو واحد دستاویز پیش کرتے ہیں وہ یہ ہے کہ برازیل کے قانون کے مطابق مذکورہ زمین ان کی ہے۔ جنگلات کی اس غیر قانونی خرید و فرخت کے پیچھے برازیل کی مویشی پالنے کی صنعت کارفرما ہے۔

'کوئی خطرہ نہیں'

برازیل میں جس رفتار پر آج کل جنگلات کی کٹائی کی جا رہی ہے وہ گذشتہ دس برس کی سب سے زیادہ شرح ہے، اور فیس بک کی مارکیٹ سائٹ وہ جگہ ہے جس کا فائدہ فیبر یکیو گیورماری جیسے افراد اٹھا رہے ہیں (ان سرگرمیوں کو ایک خفیہ کیمرے کی مدد سے فلمبند کیا گیا ہے)۔ وہ مرطوب جنگلات کے ایک ٹکڑے کو جلا کر راکھ کر چکے ہیں۔ اسی زمین پر چلتے ہوئے فیبر یکیو گیورماری کا کہنا تھا کہ 'یہاں کسی حکومتی اہلکار کے معائنے پر آنے کا کوئی خطرہ نہیں ہے۔' اس ٹکڑے سے غیر قانونی طور پر جنگلات ختم کر کے قابل کاشت بنانے کے بعد انھوں نے اس پلاٹ کی قیمت تین گنا بڑھا کر 35 ہزار ڈالر کر دی ہے۔ فیبر یکیو خود کسان نہیں ہیں۔ ان کے پاس شہر میں متوسط درجے کی ایک پکی ملازمت ہے، تاہم ان کی نظر میں یہ ملک کے مرطوب جنگلات میں سرمایہ کاری کا ایک اچھا موقع ہے۔ خفیہ فلمبندی کے بعد بی بی سی نے فیبر یکیو سے اس معاملے کی تفتیش کے حوالے سے سوال کرنے کے لیے رابطہ کیا، لیکن انھوں نے کوئی تبصرہ کرنے سے معذرت کر لی۔

خفیہ تحقیق

فیس بک پر شائع ہونے والے اکثر اشتہارات روڈونیو کے علاقے کے متعلق تھے جو کہ برازیل کا وہ صوبہ ہے جہاں جنگلات کی سب سے زیادہ کٹائی ہو چکی ہے۔ معاملے کی تہہ تک پہنچنے کے لیے بی بی سی نے مذکورہ صوبے کے چار ایسے افراد کے ساتھ ملاقات کا بندوبست کیا جو پلاٹ فروخت کر رہے تھے۔ اس ملاقات میں ایک ایسے شخص کو بھی شامل کیا گیا جس نے خود کو کچھ دولت مند سرمایہ کاروں کا وکیل ظاہر کیا۔ ان چار افراد میں سے الوم سوزا الیلوس نامی ایک صاحب ایمازون کے قدیمی باشندوں کے لیے مختص اُرو یوواو وا کے علاقے میں تقریباً 16 ہزار چار سو پاؤنڈ کا ایک پلاٹ فروخت کرنے کی کوشش کر رہے تھے۔ یہ علاقہ اس قبیلے کے دو سو افراد کا مسکن ہے۔ برازیلی حکومت کے مطابق اس علاقے میں قدیم مقامی باشندوں کے کم از کم پانچ ایسے گروہ بھی رہتے ہیں جن کا باقی دنیا سے کوئی رابطہ نہیں ہے۔ لیکن ملاقات کے دوران مسٹر الیلوس کہنا تھا کہ 'اس علاقے میں (بقول ان کے) کوئی انڈین نہیں رہتے۔ جہاں پر میری زمین واقع ہے، وہ اس جگہ سے 50 کلومیٹر دور رہتے ہیں۔ میں آپ سے یہ نہیں کہوں گا وہ کبھی بھی اس علاقے میں چلتے پھرتے نظر نہیں آئیں گے۔'

بی بی سی نے مذکورہ قبیلے کے رہنما بِٹاٹے کو بھی فیس بک پر لگا ہوا اشتہار دکھایا۔ انھوں نے ہمیں بتایا کہ اشتہار میں دکھائی گئی زمین ایک ایسے مقام پر ہے جہاں ان کی برادری کے لوگ شکار، مچھلی پکڑنے اور پھل چننے کے لیے جاتے رہتے ہیں۔ ان کے بقول (اس علاقے میں زمین کی خرید و فروخت) سے ظاہر ہوتا ہے ہمارا کوئی 'خیال اور لحاظ نہیں کیا جا رہا۔' ان کا کہنا تھا کہ 'میں ان لوگوں کو نہیں جانتا۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان کا مقصد قدیم باشندوں کی زمین سے جنگلات ختم کرنا ہے، ہر اس چیز کو کاٹنا ہے جو کھڑی ہے، ہماری زندگی کو درختوں کی طرح کاٹ دینا ہے۔' برادری کے سربراہ کا مزید کہنا تھا کہ حکام اس معاملے میں مداخلت کریں۔ انھوں نے فیس بک پر بھی زور دیا کہ 'سب سے زیادہ استعمال ہونے والے سوشل میڈیا پلیٹ فارم' کے طور پر فیس بک کو چاہیے کہ وہ خود بھی کارروائی کرے۔

زمین کی حیثیت میں تبدیلی

زمین کی اس غیر قانونی منڈی کے پیچھے ایک اور وجہ اس دھندے میں شامل لوگوں کی یہ امید ہے کہ ان کے پکڑے جانے پر انھیں معافی مل جائے گی۔ مسٹر الیلوس نے ہمارے سامنے یہ انکشاف بھی کیا کہ وہ کچھ دیگر لوگوں کے ساتھ مل کر سیاستدانوں پر کام کر رہے ہیں کہ وہ انھیں چوری کی زمین کی قانونی ملکیت دلوا دیں۔ 'میں آپ کو سچ بتاتا ہوں۔ اگر یہ چیز صدر بولسونارو کے ہوتے ہوئے حل نہیں ہوتی، تو پھر یہ کبھی بھی حل نہیں ہوگی۔' زمین پر غیر قانونی قبضہ کرنے کے لیے عموماً جو حکمت عملی اپنائی جاتی ہے اس میں پہلے جنگل کی کٹائی کی جاتی ہے اور پھر سیاستدانوں سے کہا جاتا ہے کہ وہ مذکورہ علاقے کی مخصوص حیثیت (پروٹیکٹڈ سٹیٹس) ختم کر دیں کیونکہ اب یہ زمین وہ مقصد پورا نہیں کر رہی جس کے لیے اسے خصوصی حیثیت دی گئی تھی۔ اس کے بعد زمین ہتھیانے والے لوگ حکومت سے مذکورہ زمین پر پلاٹ خرید سکتے ہیں، اور یوں اپنے دعوے کو قانونی شکل دے لیتے ہیں۔

مسٹر الیلوس بی بی سی کے ایک خفیہ رپورٹر کو ایک شخص سے ملوانے بھی لے گئے جس کے بارے میں ان کا کہنا تھا کہ یہ کروپیرا ایسوسی ایشن کا رہنما ہے۔ برازیل کی وفاقی پولیس اس گروہ کے بارے میں کہتی ہے کہ یہ زمین پر غیر قانونی طور پر قبضہ کرنے والا وہ گروہ ہے جو خاص طور پر ان علاقوں میں کارروائیاں کرتا ہے جہاں ایمازون کے قدیمی باشندے رہتے ہیں۔ ان دونوں افراد نے ہمارے رپورٹر کو بتایا کہ ملک کے بہت بااثر سیاستدان دارالحکومت براسیلیا میں حکومتی ایجنسیوں کے ساتھ ان کی ملاقات کرانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ان افراد کے بقول ان کے بڑے اتحادی کانگریس کے رکن کرنل کرسوسٹومو ہیں جو کہ اسی سوشل لبرل پارٹی کے رکن ہیں، جس کے رکن مسٹر بولسونارو بھی تھے اور پھر سنہ 2019 میں موجودہ صدر نے اپنی الگ جماعت بنا لی تھی۔

جب بی بی سی نے ان سے رابطہ کیا تو کرنل کرسوسٹومو نے اعتراف کیا کہ انھوں نے یہ ملاقات کرانے میں مدد دی تھی، لیکن ان کا کہنا تھا کہ انھیں معلوم نہیں کہ مذکورہ گروپ زمینوں پر قبضہ کرنے میں ملوث ہے۔ 'انھوں نے مجھے نہیں بتایا۔ اگر انھوں نے زمین پر قبضہ کیا ہے تو آئندہ انھیں میری مدد نہیں ملے گی۔' جب ان سے پوچھا گیا کہ آیا انھیں ملاقات کرانے پر پچھتاوا ہے، تو ان کہنا تھا 'نہیں۔' بی بی سی نے اس حوالے سے مسٹر الیلوس سے بھی رابطہ کیا، لیکن انھوں نے بات کرنے سے معذرت کر لی۔ ہماری زمین پر پائے جانے والے نباتات کی دس میں سے ایک قسم ایمازون میں پائی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ بی بی سی نے برازیل کے وزیر ماحولیات، مسٹر ریکارڈو سالس سے بھی رابطہ کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ 'صدر بولسونارو کی حکومت نے ہمیشہ یہ کہا ہے کہ وہ ماحولیات کے شعبے سمیت کسی بھی قسم کے جرم کو بالکل برداشت نہیں کریں گے۔' تاہم موجودہ حکومت نے ملک میں جنگل کی کٹائی کے نگران وفاقی ادارے ایباما کے اس بجٹ میں 40 فیصد کمی کر دی ہے جو ادارے کے ان اہلکاروں پر خرچ ہوتا ہے جن کا کام کسی مقام پر جا کر جنگل کی غیر قانونی کٹائی کو روکنا ہے۔ لیکن مسٹر سالس کہتے ہیں کہ کورونا وائرس کی وبا کی وجہ سے ایمازون میں قانون کے نفاذ میں مشکل ہو رہی ہے اور دوسری بات یہ ہے کہ جنگل کی کٹائی روکنے کی ذمہ داری صوبائی حکومتوں پر بھی عائد ہوتی ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ 'اسی برس حکومت نے وروے برازیل ٹو کے نام سے ایک آپریشن بھی شروع کیا ہے، جس کا مقصد جنگل کی غیر قانونی کٹائی، اسے غیر قانونی طور پر آگ لگانے پر قابو پانا ہے، اور اس کے علاوہ وفاقی حکومت اور صوبوں کے درمیان مشترکہ کوششوں کو فروغ دینا ہے۔' تاہم، رونڈونیا میں مقیم وفاقی حکومت کے تفتیش کار رافیل بیولاقیا کہتے ہیں کہ موجودہ حکومت کے دور میں صورت حال زیادہ خراب ہو گئی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ 'صورت حال بہت خراب ہو گئی ہے۔ ملک کی انتظامی طاقت ہمارے خلاف کام کر رہی ہے۔ یہ چیز دل توڑ دینے والی ہے۔'

جہاں تک فیس بک کا تعلق ہے تو کمپنی کا کہنا ہے کہ زمین کی جو خرید و فرخت ہو رہی ہے اس معاملے کے حوالے سے کوئی نتیجہ اخذ کرنا فیس بک کے لیے بہت پیچیدہ بات ہے، اور اس معاملے کو مقامی قانونی اداروں اور دوسرے حکام پر چھوڑ دینا چاہیے۔ فیس بک کا مزید کہنا تھا کہ یہ معاملہ اتنا بھی سنجیدہ نہیں کہ مارکیٹ پلیس پر پورے ایمازون کی زمینوں کی خرید و فروخت کو روک دینا چاہیے۔ گذشتہ تیس برس سے رونڈونیا کی ریاست میں جنگلات کی کٹائی کے خلاف جدوجہد کرنے والی ایوانیڈے بنڈیرا کہتی ہیں کہ وہ امید کھوتی جا رہی ہیں۔ وہ کہتی ہیں کہ 'میرے خیال میں یہ ایک بہت مشکل لڑائی ہے۔ جنگلات کو یوں مسلسل تباہ اور کم ہوتے دیکھنا، بہت دکھ کی بات ہے۔ تاریخ میں اس سے پہلے کبھی ایسا وقت نہیں آیا جب جنگلوں کو کھڑا رکھنا اتنا محال ہو گیا ہو۔'

> (اس علاقے میں زمین کی خرید و فروخت) سے ظاہر ہوتا ہے ہمارا کوئی 'خیال اور لحاظ نہیں کیا جا رہا۔'
> 'ان کا کہنا تھا کہ 'میں ان لوگوں کو نہیں جانتا۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان کا مقصد قدیم باشندوں کی زمین سے جنگلات ختم کرنا ہے، ہر اس چیز کو کاٹنا ہے جو کھڑی ہے، ہماری زندگی کو درختوں کی طرح کاٹ دینا ہے۔' برادری کے سربراہ کا مزید کہنا تھا کہ حکام اس معاملے میں مداخلت کریں۔ انھوں نے فیس بک پر بھی زور دیا کہ 'سب سے زیادہ استعمال ہونے والے سوشل میڈیا پلیٹ فارم' کے طور پر فیس بک کو چاہیے کہ وہ خود بھی کارروائی کرے۔

روزنامہ
WATTAN
The Urdu Daily
وطن
بڈگام

# بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی
# لوگوں کو پریشانیوں کا سامنا

وادی کے اطراف واکناف میں بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی سے لوگ تنگ آ چکے ہیں اور انتظامیہ کی جانب سے جو یقین دہانیاں دی جا رہی ہے زمینی سطح پر لوگ پریشانیوں سے دوچار ہیں جسکے نتیجے میں عوام مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں کئی سرکاری اداروں کی کارکردگی پر عوامی حلقوں نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اگر صوبائی انتظامیہ کا دعویٰ ہے کہ بنیادی سہولیات کی فراہمی میں کوئی بھی سمجھوتہ قابل قبول نہیں ہوگا تو پھر لوگوں کو دشواریاں کیوں پیش آ رہی ہیں۔

سرکار کی جانب سے بار بار دعوے کئے جا رہے ہیں کہ بنیادی سہولیات کی فراہمی میں کوئی بھی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا جا رہا ہے تاہم عوامی حلقوں کے مطابق وادی کے طول ارض میں صورتحال انتہائی ابتر ہو چکی ہے پینے کے پانی کی قلت بجلی کی عدم دستیابی طبی سہولیات کے فقدان نے سنگین رُخ اختیار کیا ہے اور لوگوں کو بنیادی سہولیات کی کمی سے پریشانیاں پیش آ رہی ہے۔ عوامی حلقوں کے مطابق موسم میں بہتری درجہ حرارت میں اضافہ کے بعد ندی نالوں میں پانی کی سطح کافی بلند ہو چکی ہے تاہم ابھی بھی جل شکتی محکمہ کی جانب سے لوگوں کو پینے کا صاف پانی فراہم کرنے کے لئے اقدامات نہیں اٹھائے جا رہے ہیں واٹر سپلائی اسکیمیں بیکار ہو چکی ہے جن کی مرمت کے لئے محکمہ جنگی بنیادوں پر اقدامات نہیں اٹھا رہا ہے بلکہ سست رفتاری کے ساتھ پائپوں کی مرمت کی جا رہی ہے جس کی وجہ سے قلت آب میں دن بدن اضافہ ہوتا جا رہا ہے اور لوگ ناصاف پانی استعمال کرنے پر مجبور ہوتے جا رہے ہیں بجلی کی عدم دستیابی کوئی نئی بات نہیں ہے اگر چہ پاور کی پیداوار میں اضافہ ہوا ہے تاہم پی ڈی ڈی محکمہ کی جانب سے کٹوتی اب بھی برقرار ہے اور اس میں کمی کا روجان ابھی تک دکھائی نہیں دے رہا ہے خستہ حال سڑکوں کے باعث وادی کے بیشتر علاقوں میں لوگوں کا ایک جگہ سے دوسری جگہ آنا جانا ناممکن ہو کر رہ گیا ہے پی ڈبلیو ڈی پی ایم وائی جی ایس کی جانب سے سڑکوں کی مرمت کے سلسلے میں اگر چہ ابھی اقدامات نہیں اٹھائے گئے ہیں تاہم متعلقہ اداروں کی جانب سے سڑکوں پر میگڈام بچھانے یا ان کی مرمت کے سلسلے میں کوئی منصوبہ بھی ہاتھ میں نہیں لیا جا رہا ہے۔ عوامی حلقوں کے مطابق سرکاری سطح پر جتنے بھی طبی ادارے قائم کئے گئے ہیں وہ علاج کے سلسلے میں عوام کی توقعات پر کھرے نہیں اتر رہے ہیں اور بیماروں کو علاج ومعالجے کے سلسلے میں پرائیویٹ کلنکوں نرسنگ ہوموں کے چکر کاٹنے پر مجبور ہونا پڑ رہا ہے۔ اگر چہ کسی بھی قوم کے لئے تعلیم کو لازمی قرار دیا گیا ہے تاہم وادی کشمیر میں سرکاری اسکولوں کی ایک بڑی تعداد اب بھی بنیادی سہولیات سے محروم ہے جس کے نتیجے میں ان اسکولوں میں زیر تعلیم طلاب کو پریشانیوں سے گزرنا پڑ رہا ہے۔ عوامی حلقوں نے لیفٹنٹ گورنر سے مطالبہ کیا کہ بنیادی سہولیات فراہم کرنے والے اداروں کی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے اور انہیں متحرک کرنے کے لئے اقدامات اٹھائے جائے تا کہ لوگوں کو پریشانیوں کا سامنا نا کرنا پڑے۔

